# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج موروثی پور

## ٹوبہ ٹیک سنگھ

0333-6585250 - 0333-4083257

2025-26

# پراسپکٹس






بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً

اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما۔

**Principal Cell No:**

**0333-6585250**

**E.Mail ID**

***gicmaurusipur@gmail.com***

**Web Address**

**www.gacm.edu.pk**

# پیغام

معزز والدین اور عزیز طلباء

مجھے یہ بتاتے ہوئے بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ دیہاتی علاقے میں واقع ہمارے اس کالج نے اللہ کے فضل و کرم سے بے حد ترقی کی ہے۔ ماضی میں ہمیں جن مشکلات کا سامنا رہا ان میں نمایاں ترین اساتذہ کی قلت، مناسب سائنس لیبارٹریز اور فنڈز کی کمی ہیں۔ خوش قسمتی سے ہر دور کی قیادت اور ساتھیوں نے مل کر نامناسب حالات سے مقابلہ کیا اور ترقی کی جانب گامزن رہے۔

الحمدللہ! آج ہم ان تمام مسائل پر قابو پا چکے ہیں۔ اب کالج ہذا میں تمام مضامین، میڈیکل، پری انجینئرنگ، جنرل سائنس، کمپیوٹر سائنس، کامرس اور آرٹس گروپ پڑھانے کے لئے پیشہ ور اور با اصلاحیت اساتذہ کرام موجود ہیں۔ دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ سائنس و کمپیوٹر لیبارٹریز ترتیب دی گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے طلباء کی کثیر تعداد کالج میں داخل ہو رہی ہے اور طلباء ہر سال اعزازی نمبروں کے ساتھ شاندار کامیابیاں حاصل کر کے کالج اور والدین کا نام روشن کر رہے ہیں۔ مستحق و ہونہار طلباء کے لئے گورنمنٹ کے علاوہ کالج ہذا کے اساتذہ اکرام کے بھرپور تعاون کے باعث مفت تعلیم کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔

کالج میں خوشگوار تعلیمی ماحول ہونے کے باعث طلباء نہ صرف زیورِ تعلیم سے آراستہ ہوتے ہیں بلکہ ان کے کردار میں نمایاں مثبت تبدیلی آتی ہے۔ طلباء کی قابلیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مشاورتی کونسل، تعلیمی معاملات اور مضامین کے انتخاب میں طلباء کی رہنمائی کرتی ہے جس کے تناظر میں طلباء درخشندہ مستقبل کی طرف گامزن ہونے میں آسانی محسوس کرتے ہیں۔

تعلیمی کلاسز ماہ اپریل تک جاری رہتی ہیں۔ جس کے باعث طلباء کو اضافی تعلیمی رہنمائی اور ٹیوشن کی چنداں ضرورت نہیں رہتی۔ ہمارے مخلص، فرض شناس، سرگرم، قابل اساتذہ کرام اور کالج انتظامیہ کی محنت شاقہ کی بدولت ہمارے طلباء بورڈ کی سطح پر نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں ہم نصابی اور سپورٹس کی سرگرمیوں میں خصوصی توجہ کی بنا پر کالج ہذا نمایاں کامیابیاں اور شہرت پا چکا ہے۔

ہم سب نے بطور ٹیم اس ادارے کی کامیابی و کامرانی کا عہد کر رکھا ہے۔

چنانچہ! والدین سے گزارش ہے اپنے بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کے لئے اس ادارے کا انتخاب کریں۔

والسلام!

پرنسپل، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج موروثی پور

# تعارف

محکمہ تعلیم نے کالج ہذا کو 1976ء میں گورنمنٹ ہائی سکول فار بوائز موروثی پور تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ہاسٹل میں قائم کیا۔ بعد میں کالج 1988 میں اپنی نئی عمارت میں منتقل ہو گیا۔ جو گورنمنٹ ہائی سکول موروثی پور سے ایک کلومیٹر مشرق کی جانب واقع ہے۔ یہ کالج بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد سے الحاق شدہ ہے۔ کالج میں ایف۔اے، ایف۔ایس۔سی، آئی۔سی۔ایس، ایف۔اے آئی ٹی اور آئی کام کے شعبہ جات میں تدریس کی جاتی ہے۔ الحمد اللہ کالج ہذا کے موجودہ پرنسپل، وائس پرنسپل اور سٹاف کی خصوصی کاوشوں سے گورنمنٹ انٹر کالج موروثی پور کو مؤرخہ 17 اکتوبر 2014ء کو ڈگری کالج کا درجہ دے دیا گیا ہے اور ڈگری کلاسز کا باقاعدہ اجرء ہو چکا ہے۔

کالج کا کل رقبہ 121 کنال 2 مرلے ہے (6 لاکھ 58 ہزار 784 مربع فٹ) جبکہ تعمیر شدہ رقبہ 4 کنال 1 مرلہ ہے۔ جس میں پرنسپل آفس 01، سٹاف روم 01، سپورٹس آفس 01، کلیریکل آفس 01، شعبہ امتحانات 01، کلاس رومز **07**، لیبارٹریز **03**، لائبریری 01، سٹور روم 04، پرنسپل رہائش گاہ 01، سٹاف رہائش گاہ 04، ملازمین رہائش گاہ 02، عدد ہیں۔

## لازمی مضامین (F.A)

اردو، انگریزی، اسلامیات لازمی، مطالعہ پاکستان

## اختیاری مضامین آرٹس (F.A)

شماریات، جغرافیہ، تاریخ، ریاضی، اسلامیات اختیاری، سوکس
صحت و جسمانی تعلیم، معاشیات عمرانیات، کمپیوٹر سائنس، پنجابی

## اختیاری مضامین سائنس (F.Sc)

فزکس، کیمسٹری، بیالوجی (میڈیکل گروپ)
فزکس، کیمسٹری، ریاضی (نان میڈیکل گروپ)

## اختیاری مضامین کامرس (آئی کام)

پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ، پرنسپلز آف اکنامکس، پرنسپلز آف کامرس، بزنس میتھ

پرنسپل **حافظ محمد یوسف**

ایم اے اسلامیات، ایم اے عربی، فاضل درس نظامی

وائس پرنسپل **فیض میراں**

ایم ایس سی (جغرافیہ)

## تدریسی عملہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| شعبہ اسلامیات | حافظ محمد یوسف | ایم۔اے | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| شعبہ جغرافیہ | فیض میراں | ایم۔ایس۔سی | اسسٹنٹ پروفیسر |
| شعبہ شماریات | محمد زاہد رسول | ایم۔ایس۔سی | اسسٹنٹ پروفیسر |
| شعبہ صحت وجسمانی تعلیم | C.T.I | ایم اے | لیکچرار |
| شعبہ کیمسٹری | C.T.I | ایم۔فل | لیکچرار |
| شعبہ فزکس | محمد ماجد | ایم۔فل | اسسٹنٹ پروفیسر |
| شعبہ انگریزی | محمد انور | ایم۔فل ،ایم۔ایڈ | اسسٹنٹ پروفیسر |
| شعبہ کمپیوٹر سائنس | محمد عقیل | ایم۔فل | لیکچرار |
| شعبہ پنجابی | اعجاز احمد | بی ایس | لیکچرار |
| شعبہ معاشیات | C.T.I | ایم اے | لیکچرار |
| شعبہ اردو | C.T.I | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر |
| شعبہ اردو | C.T.I | ایم اے | لیکچرار |
| شعبہ تاریخ ومطالعہ پاکستان | C.T.I | ایم اے | لیکچرار |
| شعبہ بیالوجی | عدیل شاہد | ایم ایس سی | لیکچرار |
| شعبہ ریاضی | C.T.I | ایم ایس سی | لیکچرار |
| شعبہ سوشولوجی | محمد حارث متین اعوان | ایم۔فل | لیکچرار |
| شعبہ کامرس | C.T.I | ایم۔کام | لیکچرار |
| شعبہ پولیٹیکل سائنس | اہتشام الحق | بی ایس | لیکچرار |

نوٹ: گورنمنٹ آف پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی تعلیمی پالیسی کے مطابق ہر سال خالی آسامیوں پر کوالیفائیڈ اساتذہ کا انتخاب بطور سی ٹی آئی مکمل تعلیمی سال کے لئے کیا جاتا ہے



STUDY TOUR



SCOUTING TOUR MURREE



STUDY TOUR

# MAGNIFICENCE OF THE COLLEGE







# ANNUAL PRIZE DISTRIBUTION CEREMONY



















FOOTBALL TEAM



ATHLETICS TEAM



CRICKET TEAM

## شعبہ لائبریری

حافظ محمد یوسف (اسسٹنٹ پروفیسر انچارج لائبریری)    لائبریرین (آسامی خالی ہے)    لائبریری کلرک (آسامی خالی ہے)
محمد اسلم (بطور لائبریری اٹینڈنٹ کام کر رہا ہے)

## عملہ دفتر

1. عارف شہزاد علی (سینئر کلرک) 2. عثمان فاروق، ناصر خان (جونیئر کلرک)
3. سبطین احمد شاہ (نائب قاصد) 4. محمد ساجد نواز (نائب قاصد) 5. محمد عامر نذیر (نائب قاصد)

## شعبہ فزکس

1. لیب سپروائزر (آسامی خالی ہے)    2. محمد اسلم (لیبارٹری اٹینڈنٹ)

## شعبہ کیمسٹری

1. سینئر لیکچرار اسسٹنٹ (آسامی خالی ہے)    2. یاسر بشیر (لیبارٹری اٹینڈنٹ)

## شعبہ بیالوجی

1. سینئر لیکچرار اسسٹنٹ (آسامی خالی ہے)    2. عبدالشکور (لیبارٹری اٹینڈنٹ)

## شعبہ کمپیوٹر سائنس

1. لیکچرار اسسٹنٹ (آسامی خالی ہے)    2. محمد ریاض (لیبارٹری اٹینڈنٹ)

## شعبہ جغرافیہ

1. لیکچرار اسسٹنٹ (آسامی خالی ہے)    2. عبدالجبار (لیبارٹری اٹینڈنٹ)

## درجہ چہارم

1. محمد آصف سرور (چوکیدار) 2. لیاقت علی (چوکیدار) 3. خالی آسامی (چوکیدار) 4. محمد شہزاد انجم (ماشکی) 5. احمد ذیشان (مالی)
6. احسن ریاض (مالی) 7. فاروق مسیح (خاکروب) 8. آصف مسیح (خاکروب) 9. ارشاد الحق (بیلدار) 10. وقار انجم (بیلدار)

# SELECTION OF SUBJECETS AT INTERMEDIATE LEVEL

English,Urdu,Islamic Education and Pakistan Studies are compulsory subjects. Every Student will have to adopt these compulsory subjects along with a group of following of his won choice:

| GROUP | SUBJECTS | | |
|---|---|---|---|
| PRE-MEDICAL | Chemistry | Biology | Physics |
| PRE-ENGINEERING | Chemistry | Mathematics | Physics |
| I.C.S. | Computer Science | Mathematics | Statistics |
| | Computer Science | Mathematics | Physics |
| I.COM | 1. Principal of Accounting<br>2. Principal of Economics<br>3. Principal of Commerce<br>4. Business Mathematics & Statistics | | |
| ARTS | Computer Science | Islamic Studies | Punjabi |
| | Computer Science | Physical Education | Punjabi |
| | Geography | Islamic Studies | Punjabi |
| | Geography | Physical Education | Punjabi |
| | Computer Science | Islamic Studies | Sociology |
| | Computer Science | Physical Education | Sociology |
| | Geography | Islamic Studies | Sociology |
| | Geography | Physical Education | Sociology |
| | Economics | Physical Education | Sociology |
| | Economics | Physical Education | Punjabi |
| | Economics | Islamic Studies | Sociology |
| | Economics | Islamic Studies | Punjabi |

## SELECTION OF SUBJECTS AT DEGREE LEVEL

English,Islamic Education and Pakistan Studies are compulsory subjects.

**Subjects for B.A:**

Every student will have to choose one subjects from the following each group for B.A:

**Group-01:** Physical Education, History,Political Science. Statistics, Urdu Advance.

**Group-02:** Geography, Sociology, Islamic Studies, Economics,Computers Sc. Punjabi.

**Optional Subjects:** Punjabi, Arabic.

## Subjects for B.Sc.:

**Every students will have to choose one full group from the following**

**Group -01** Physics, Mathematics, Chemistry.

**Group-02** Physics,Mathematics- A, Mathematics -B.

**Group-03** Zoology, Botany, Chemistry.

**Group-04** Statistics,Mathematics- A, Mathematics- B.

**Group-05** Geography, Computer Science,Economics.

**Group-06** Geography, Economics, Statistics.

**Group-07** Physics, Mathematics ,Geography.

# FEE AND OTHER CHARGES STRUCTURE

| Particulars | Inter | | Degree | | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|
| Admission Fee | Arts 80 | Science 65 | Arts 225 | Science 175 | Per Session |
| Tuition Fee | 600 | | 720 | | Per Year |
| Registration Fee<br>Processing Fee | 1000+395<br>=1395 | | 3100 | | Per Session |
| General Fund | 50 | | 50 | | Per Year |
| College Welfare Fund | 50 | | 50 | | Per Year |
| Examination Fund | 180 | | 180 | | Per Year |
| Medical Fund | 50 | | 50 | | Per Year |
| Cycle Fund/Parking Fee | 100 | | 100 | | Per Year |
| Science Breakage Fund | 60 | | 120 | | Per Year |
| Computer Fund | 300 | | 400 | | Per Year |
| Magazine Fund | 120 | | 120 | | Per Year |
| Sports Fund | 180 | | 180 | | Per Year |
| Identity Card Fund | 50 | | 50 | | Per Year |
| Library Security Fund | 500 | | 500 | | Per Session Refundable |
| Board/University Affiliation Fund | ....... | | 360 | | Per Year |
| Hilal-e-Ahmar/Social Welfare Fund | 60 | | 60 | | Per Year |
| Re-Admission Fee (In Case Of Struck-off | 100+50<br>=150 | | 225+100<br>=325 | | With Fine |

نوٹ: گورنمنٹ کے شیڈول کے مطابق میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔

## وظائف

☆ میٹرک/انٹر میں 90 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلباء کو کالج کی طرف سے وظیفہ دیا جائے گا۔ جو کہ تعلیمی کارکردگی پر منحصر ہوگا۔ تعلیمی معیار برقرار نہ رکھنے کی صورت میں رعایت ختم کردی جائے گی۔

☆ نادار طلباء کے لئے فیس میں خصوصی رعائیت اور مالی امداد کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ جس کا انحصار تعلیمی کارکردگی پر ہوگا۔

☆ اس کے علاوہ طلباء صوبائی حکومت، فیصل آباد بورڈ، جی سی یونیورسٹی (فیصل آباد)، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے وظائف کے لئے اہل ہونگے۔

☆ غریب طلباء پنجاب حکومت کے زکوۃ فنڈ سے وظیفہ کے حق دار ہونگے۔

## سہولیات

☆ کالج لائبریری ☆ کمپیوٹر لیب ☆ علمی ادبی مقابلہ جات کا انعقاد ☆ کھیل کے میدان ☆ سالانہ فنکشن کا انعقاد ☆ سپورٹس ہال

☆ جسمانی نشوونما کے لئے انسٹرکٹر ان فزیکل ایجوکیشن ☆ تفریحی اور مطالعاتی دورے ☆ سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر انعامات ☆ سالانہ کھیلیں

## لازمی شرائط برائے داخلہ سالانہ امتحان بمطابق داخلہ پالیسی 2016ء

1۔ فرسٹ ائیر اور سیکنڈ ائیر کالج امتحانات میں غیر حاضر اور کسی بھی مضمون میں 75 فیصد سے کم حاضری والے طلباء کا داخلہ قانون کے مطابق بورڈ کو نہیں بھیجا جائے گا۔

2۔ اگر کوئی طالب علم کالج کے امتحان میں دو یا دو زیادہ مضامین میں فیل ہوتا ہے تو اس کا داخلہ بورڈ کو نہیں بھیجا جائے گا۔

3۔ Sand-Up Test کے بعد غیر حاضر رہنے والے طلباء کو رول نمبر سلپ جاری نہیں کی جائے گی۔

4۔ ماہانہ کلاس ٹیسٹ میں بھی طلباء کی حاضری اور پاس ہونا لازمی ہوگا۔

5۔ کالج کی جانب سے منعقدہ کسی بھی امتحان میں غیر حاضر طلباء 200 روپے فی پرچہ جرمانہ کیا جائے گا

6۔ کسی بیماری کی صورت میں امتحان میں شرکت نہ کرنے والے طلباء کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ کسی بھی گورنمنٹ ہسپتال کے ایم ایس کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ ہمراہ درخواست بنام پرنسپل جمع کروائیں۔ بصورت دیگر طالب علم فیل تصور ہوگا مزید برآں متعلقہ طالب علم تندرست ہونے پر چھوڑے گئے مضامین کا امتحان دینے کا پابند ہوگا۔

7۔ کالج کے امتحان میں غیر قانونی ذرائع استعمال کرنے والے طلباء کے خلاف کیس درج کیا جائے گا اور وہ کیس کالج کونسل کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا جس پر کالج کونسل حتمی فیصلہ دے گی اور فیصلہ کسی بھی عدالت یا لیگل فورم پر چیلنج نہیں کیا جائے گا۔

**نوٹ: مندرجہ بالا تمام شرائط کا اطلاق ڈگری کلاسز پر بھی ہوگا۔**

## قواعد وضوابط برائے حصول رخصت بمطابق داخلہ پالیسی 2016ء

1۔ چھٹی حاصل کرنے کے خواہش مند طلباء کو درخواست بنام پرنسپل صاحب اپنے والدین یا سرپرست سے دستخط شدہ دفتر میں جمع کروانا ہوگی۔

2۔ بیماری کی صورت میں چار دن سے زیادہ چھٹی کے لئے طالب علم سرکاری ہسپتال کا جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکیٹ درخواست کے ہمراہ جمع کروانا ہوگا۔

3۔ دو دن کی رخصت دینے کے مجاز انگلش لیکچرر یا متعلقہ ٹیوٹر ہوں گے۔

4۔ دو دن سے زیادہ رخصت کی صورت میں پرنسپل صاحب ہی رخصت دینے کے مجاز ہوں گے۔

5۔ چھٹی کی درخواست تمام متعلقہ لیکچررز صاحبان سے نوٹ کروانے کے بعد دفتر جمع کروانا ہوگی۔

6۔ پندرہ دن لگاتار غیر حاضری کی صورت میں طالب علم کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا اور دوبارہ داخلہ کے لئے والدین یا سرپرست کی طرف سے دی گئی درخواست پر عمل ہوگا۔ تاہم یہ سہولت تعلیمی سیشن میں صرف ایک بار ہوگی۔

7۔ وہ طالب علم جو کالج میں داخلہ لینے کے بعد کالج سے غیر حاضر رہے ان کا داخلہ بورڈ یا یونیورسٹی کو نہیں بھیجا جائے گا۔

نوٹ: (i) ایف ایس سی اور آئی سی ایس میں داخلہ کے لئے 60 فیصد سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔ (ii) ہڑتال یا سیاسی سرگرمیوں میں ملوث طلباء کو ادارہ سے خارج کر دیا جائے گا۔ (iii) کالج ہذا کا الحاق فیصل آباد بورڈ اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے ہے۔ طلباء بورڈ/یونیورسٹی کے ضابطوں کے پابند ہوں گے۔

| نمبر شمار | خلاف ورزی کی صورت | شرح جرمانہ |
|---|---|---|
| 1 | نامکمل وردی | 100 روپے |
| 2 | بغیر وردی | 150 روپے |
| 3 | قواعد وضوابط کو توڑنا | 200 تا 1000 روپے |
| 4 | کالج میں کیمرہ، ٹیپ ریکارڈر اور موبائل لانا | 1000 روپے جرمانہ متعلقہ چیز والدین یا سرپرست کی تحریری درخواست کے بعد جرمانہ وصول کرکے واپس دیا جائے گی |



# قومی ترانہ

پاک سر زمین شاد باد　کشورِ حسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان　ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام　قوتِ اخوتِ عوام
قوم ملک سلطنت　پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچمِ ستارہ و ہلال　رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال　جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال

Gujjar Press Gojra
0301-7233471

